# خسرہ

## اپنے بچے کو اس میں مبتلا ہونے نہ دیں۔

– انہیں MMR ویکسین لگائیں۔

- خسرہ ایک بہت سنگین بیماری ہو سکتی ہے، جس سے کان اور سینے میں انفیکشن، دورے، اسہال، اور دماغ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ **خسرہ جان لے سکتا ہے۔**
- آپ کے بچے کو خسرہ کا خطرہ لاحق ہے اگر اس نے MMR ویکسینیشن نہیں کروائی ہے۔
- بہترین تحفظ حاصل کرنے کے لیے MMR ویکسین کی دو ڈوز درکار ہیں۔
- اگر آپ کے بچے کو MMR کے دو ڈوز لگنے والے ہیں لیکن اسے ابھی تک نہیں ملے ہیں، چاہے وہ کتنی ہی عمر کا کیوں نہ ہو، آپ کو اپنے جی پی سے رابطہ کرنا چاہیے تاکہ اسے جلد از جلد ویکسین لگوائیں۔ *
- اگر آپ کو یاد نہیں کہ آیا آپ کے بچے نے MMR ویکسین کی کوئی، ایک یا دو ڈوز لئے ہیں، تو اس کا ذاتی چائلڈ ہیلتھ ریکارڈ (ریڈ بک) چیک کریں۔ اگر اس سے مدد نہیں ملتی تو اپنے جی پی سے بات کریں۔
- اگر آپ نہیں جانتے کہ آپ کے بچے کو کتنے ڈوز دئے گئے ہیں، تو بہتر ہے کہ اب MMR ویکسین کی دو ڈوز دیں بجائے اس کے کہ اسے غیر محفوظ رہنے کا خطرہ لاحق ہو۔
- مکمل کرنے میں کبھی دیر نہیں ہوتی۔ تمام بچوں اور نوجوان بالغوں کو MMR ویکسین کے دو ڈوز دیں۔ یہ کسی بھی ایسے شخص کی حفاظت کرتا ہے جو بہت کم عمر، حاملہ یا بہت کمزور ہے جس کو MMR ویکسین دی جائے۔

*مقامی وباء کے جواب میں 18 ماہ کی عمر سے دو ڈوز ایک ماہ کے وقفے کیساتھدئے جاسکتے ہیں۔

خسرہ اور MMR ویکسین کے بارے میں کچھ عام سوالات اس لیفلٹ کی پشت پر درج ہیں۔

immunisation
the safest way to protect your child

# خسرہ اور MMR ویکسین کے بارے میں کچھ عام سوالات کے جوابات

## ہمیں خسرہ کی اس وباء کا سامنا کیوں ہوتا ہے؟

خسرہ ایک انتہائی متعدی بیماری ہے، جو ایک شخص سے دوسرے شخص میں تیزی سے پھیلتی ہے، خاص طور پر اسکولوں میں۔ خسرہ میں مبتلا بچہ تقریباً ان تمام غیر محفوظ بچوں کو متاثر کرے گا جن سے وہ رابطہ کرتے ہیں۔

2017 کے آخر سے عالمی سطح پر خسرہ میں اضافہ ہوا ہے جس نے برطانیہ کو متاثر کیا ہے۔ اس کے نتیجے میں یہ بعض وسیع برادریوں میں پھیل گیا ہے، خاص طور پر ان گروپوں میں جن میں ویکسین نہیں کی گئی ہے۔

## MMR ویکسین عام طور پر کب دی جاتی ہے؟

بہترین اوقات 12 سے 13 ماہ کی عمر کے درمیان ہیں اور دوبارہ تین سال اور چار ماہ کے درمیان، ہر موقع پر ایک ڈوز کے ساتھ۔ لیکن، اگر آپ کے بچے کو اس وقت ویکسین نہیں لگائی گئی ہو، تو اسے کسی بھی عمر میں ایک ماہ کے وقفے سے دو ڈوز کے ساتھ ویکسین لگائی جا سکتی ہے۔

## کیا ویکسینیشن کے کوئی مضر اثرات ہوں گے؟

آپ کے بچے کو ویکسینیشن کے بعد چھ ہفتوں تک خسرہ، ممپس اور روبیلا کی علامات ہو سکتی ہیں لیکن بہت ہلکی شکل میں۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ویکسین کام کر رہی ہے اور آپ کا بچہ ان وائرسوں کے ساتھ مستقبل میں رابطے کے خلاف مزاحمت پیدا کر رہا ہے جو تین بیماریوں کا سبب بنتے ہیں۔ تمام بچوں میں یہ علامات ظاہر نہیں ہونے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ویکسین کام نہیں کر رہی۔

## کیا پھیلنے والے علاقوں میں والدین کو خسرہ سے بچاؤ کے ٹیکے لگوانے چاہئیں؟

بہت سی بیماریوں کی طرح، ایک بار جب آپ کو خسرہ ہو جائے تو آپ دوبارہ میں مبتلا نہیں ہوتے کیونکہ آپ نے اس کے خلاف قدرتی مزاحمت پیدا کر لی ہے۔ لہذا، اگر آپ نے خسرہ یا MMR ویکسین کے دو ڈوز لئے ہیں تو آپ کو ابھی ویکسین کروانے کی ضرورت نہیں۔

---

خسرہ اور MMR کے بارے میں مزید معلومات کے لیے
**www.nhs.uk/conditions/measles** پر جائیں

NHS
**امیونائزیشن کی معلومات**

کراؤن کاپی رائٹ 2023۔ ستمبر 2023. P 40K1 ستمبر 2023 (APS)۔ پروڈکٹ کوڈ 2901026۔
یوکے ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی گیٹ وے نمبر 202343۔ اگر آپ انگریزی میں یا ترجمہ شدہ یا قابل رسائی ورژن کے طور پر، اس لیفلٹ کی مزید کاپیاں منگوانا چاہتے ہیں، تو برائے مہربانی ملاحظہ کریں www.healthpublications.gov.uk یا 0300 123 1002 پر کال کریں۔